LANGUAGE - URDU - MODEL PAPER

Time Allowed: 2.30 Hours | Set - 1 | Maximum Marks : 90

حصّہ الف

(نثر اور نظم)

I. ذیل کے صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنے جوابی پرچے پر لکھئے:۔ 6 x 1 = 6

1) علیم صبا نویدی آج کل ایک سہ ماہی رسالہ نکال رہے ہیں۔

(الف) نورجنوب (ب) تملناڈو میں اردو (ج) رعیّت (د) ان میں سے کوئی نہیں

2) ابوالبیان حماد کی نعت ____________ ہیئت میں ہے۔

(الف) قصیدہ (ب) سانیت (ج) غزل (د) ان میں سے کوئی نہیں

3) مرزا شوق کی مثنویوں میں زیادہ شہرت ملی۔

(الف) قریب عشق کو (ب) بہار عشق کو (ج) زہر عشق کو (د) ان میں سے کوئی نہیں

4) مرزا غالب دوستوں کو دیکھ کر ____________ ہو جاتے تھے۔

(الف) خوش خوش (ب) غم غم (ج) رنجیدہ (د) باغ باغ

5) قدر و منزلت - بھرم - بات وغیرہ الفاظ ____________ کے مفہوم کو ادا کرتے ہیں۔

(الف) ذِلّت (ب) شرافت (ج) بزرگی (د) عزّت

6) خیر کسی نہ کسی طرح یہ تمام مصیبتیں اٹھا کر جنازہ ____________ پہنچ گیا۔

(الف) بازار (ب) قبرستان (ج) ریگستان (د) گھر

حصّہ (ب)

(Grammer - Non detailed - Composition & Translation)

(گرامر ، نانڈیٹیل، ترجمہ)

II. ذیل کے صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنے جوابی پرچے پر لکھئے:۔ 8 x 1 = 8

7) ”یہ شخص بڑے جوتوں والا ہے“ اس میں کونسی صفت پائی جاتی ہے۔

(الف) مجاز (ب) کنایہ (ج) استعار (د) تشبیہ

8) سندری! میں ایک غریب مسافر ہوں ____________ نے کہا

(الف) جہانگیر (ب) اکبر (ج) شاہ کہاں (د) بابر

9) ”نام دیومالی“ کے مصنف ____________ ہیں

(الف) مولوی عبدالحق (ب) پریم چند (ج) ڈاکٹر ذاکر حسین (د) عابد صفی

10) ابوخان بے چارے تھے بڑے ____________ نے کہا

(الف) خوش نصیب (ب) نصیب والے (ج) بدنصیب (د) بری نصیب

11) خدا کا واسطہ دے کر کہتی ہوں کہ آپ __________ صاحب کو اس ملاقات کے بارے میں کچھ نہ بتائیے گا

(الف) پرویز (ب) خالد (ج) واجد (د) جاوید

12) تشبیہ کے کتنے ارکان ہیں۔

(الف) ایک (ب) دو (ج) چار (د) پانچ

13) کسی لفظ کو اس کے اصلی معنی چھوڑ کر کسی دوسرے معنی میں استعمال کرنے کو __________ کہتے ہیں

(الف) مجاز (ب) مشتبہ (ج) کنایہ (د) استعارہ

14) زبان کی طرح شعر میں حسن اور زور پیدا کرنے کا بھی خاص علم ہے۔اس علم کو __________ کہتے ہیں۔

(الف) علم بیان (ب) تجنیس (ج) ضائع بدائع (د) ضائع معنوی

III.(الف) حصّہ نظم : کسی تین سوالات کے جوابات لکھئے :۔ 3 x 2 = 6

15) رستم اور شام کہاں کے رہنے والے تھے اور ان کا کیا حشر ہوا؟

16) مرثیہ گو شاعروں کے دو اہم نام لکھئے؟

17) علیم صبا نویدی کو میر اکیڈمی لکھنو نے کیا اعزاز بخشا؟

18) نظیر اکبر آبادی نے کن موضوعات پر نظمیں لکھی ہیں؟

(ب) حصّہ نثر: کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے :۔ 2 x 2 = 4

19) مرزا ہر شخص سے کس طرح ملتے تھے؟

20) عزت کا مفہوم کن الفاظ میں ادا کیا جاتا ہے؟

21) زمانے نے دلوں سے کیا مٹا دیا؟

IV. کسی سات سوالات کے جوابات مختصر طور پر لکھئے :۔ 7 x 2 = 14

22) صحیح اردو میں لکھئے:

(الف) تمے کاں جاتیں سو

(ب) تمہے کون سی جماعت میں پڑتا ہے

23) املا درست کیجئے:

(الف) مردا تو اپنی خبر کی مرمت کرنے یا کرانے سے رہے

(ب) قیر قدا قدا کر کے قبر آئی کے خیر طیار ہے

24) الفاظ کی الٹ پھیر کو درست کیجئے:

(الف) نچلی ذات سے تھا نام دیو کا تعلق تھا

(ب) بیان کرتا ہوں ماجرا صبح شہادت کا

25) ''سحر بیانی'' -- ''پیوست'' ان کی معنی بتائیں

(الف) پر ملی خاک میں سحر بیانی اس کی

(ب) پیوست دل میں جوب ھی تھےغم بولنے لگے

26) مختصر جواب لکھئے:

(الف) ابو خان کو کس چیز کا شوق تھا

(ب) ابو خان کی دو بکریوں کے نام لکھئے

27) ان سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:

(الف) نام دیو کس کو اپنی اولاد سمجھتا تھا؟

(ب) نام دیو کو کس کے علاج کرنے میں مہارت تھی؟

28) ذیل کے سوالات کے جوابات دیجئے:

(الف) '' صلیب '' کے افسانہ نگار کا نام لکھئے؟

(ب) ثریا اور پرویز کی ملاقات کہاں ہوتی ہے؟

29) ذیل کے جملوں کو فعل حال میں بدلیں

(الف) اکبر مدرسہ گیا تھا

(ب) رحیم آئے گا

30) نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے:

(الف) ترانہ کس قسم کی لڑکی تھی؟

(ب) لوگ کس نیت سے ترانہ کے گھر کا رخ کرتے تھے؟

V. (الف) حصّہ نظم: کسی دو سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:۔ 2 x 4 = 8

31) شاعر نے خدا کی ذات وصفات کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟ واضح کیجئے؟

32) بہادر شاہ کی مدح سے چمن پر کیا گزرتی ہے؟

33) ایک دن رحیم نے انصاف سے جا کر کیا پوچھا؟

VI. ذیل کے کسی تین سوالات کے جوابات لکھئے ہر جواب دس سطروں سے زیادہ نہ ہو۔ 3 x 4 = 12

34) ابو خان کون تھے اور کہاں رہتے تھے؟ ( یا )

خشک سالی میں نام دیو نے اپنے باغ کو کیسے بچایا؟

35) ذیل کے جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے:

(الف) Too many cooks spoil the broth

(ب) Anger is a sworn enemy

(ج) Look before you leap

(د) Honesty is the best policy

36) ذیل کے اشعار کی بحوالہ متن تشریح کرتے ہوئے ردیف، قافیہ پر روشنی ڈالئے:

محبت ہے خاک وطن سے ہمیں محبت ہے اپنے چمن سے ہمیں
ہمیں اپنی صبحوں سے شاموں سے پیار ہمیں اپنے شہروں کے ناموں سے پیار
ہمیں پیار اپنے ہر ایک گاؤں سے گھنے برگدوں کی گھنی چھاؤں سے
ہمیں پیار اپنی عمارت سے ہمیں پیار اپنی روایات سے جاں نثار اختر

37) ذیل کے سوال کا جواب لکھئے

جب دل کا موسم خوشگوار ہوتا ہے تو کیا نظر آیا ہے (یا)

اسکول کی ادا کرنے کے لئے اپنے والد صاحب کے نام خط لکھئے۔

(ب) حصّہ نثر: کسی دو سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:۔ 2 x 6 = 12

38) زمانۂ قدیم میں آپریشن کس طرح ہوتا تھا؟

39) ڈیجیٹل فوٹوگرافی کتنے مرحلوں میں مکمل ہوتی ہے؟

40) جنازہ کو جاتا دیکھ کر موٹر نشین کیا کرتے ہیں؟

VII. (الف) کسی دو سوالات کے جوابات قلم بند کیجئے: 2 x 6 = 12

41) ابولبیان حماد نے اپنی نعت میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے انہیں اپنے الفاظ میں بیان کیجئے؟ ( یا )

نظم ’’ خاک وطن ‘‘ کا مرکزی خیال واضح کیجئے؟

42) مرزا کے وسعتِ اخلاق کی وضاحت کیجئے؟ ( یا )

حضرت خدیجہؓ کے اوصافِ جمیلہ پر روشنی ڈالئے؟

(ب) حصّہ نظم زبانی یادداشت کے سہارے نظم لکھئے 4 + 2 = 6

43) (الف) تو کریم ................(سے) تو نظر نظر میں مقیم ہے تری شان جل جلالہٗ (تک)

(ب) دل گیا................(سے) التفات گئی (تک)

VIII. ذیل کے سوال کا جواب تفصیلی طور پر لکھئے: 6 x 1 = 6

44) چاندنی اور بھیڑیے کی لڑائی اپنے الفاظ میں لکھیں؟ (یا)

کہانی ’’ صلیب ‘‘ کا مرکزی خیال واضح کیجئے۔